Ref # ComSec/PSX/017/2025
March 25, 2025

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi

Subject: **NOTICE OF THE TWENTY-SECOND ANNUAL GENERAL MEETING ("AGM")**

Dear Sir,

Enclosed please find a Text advertisement in respect of Notice of Twenty-Second Annual General Meeting ("AGM") schedule to be held on Thursday, April 17, 2025, for circulation amongst the TRE Certificate Holders of the Exchange.

This advertisement will be published in the newspapers i.e. Business Recorder & Daily Dunya on March 26, 2025.

Sincerely yours,

Syed Zia-ul-Husnain Shamsi
Company Secretary

cc:

The Director/HOD Surveillance,
Supervision and Enforcement Department
Securities & Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, Jinnah Avenue,
Islamabad.

NOTICE OF THE 22ND (TWENTY-SECOND) ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 22nd (Twenty Second) Annual General Meeting of Samba Bank Limited (the "Bank") will be held on Thursday, April 17, 2025, at 11:00 am ("PST") at the Hotel Serena, Islamabad - Pakistan to transact the following business:

Ordinary Business

1. To confirm the minutes of the 21st Annual General Meeting held on March 28, 2024.
2. To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Bank for the year ended December 31, 2024, together with the Reports of the Chairman, Directors and Auditors.

   As required under section 223(6) of the Companies Act, 2017 (the "Act"), and pursuant to S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the Annual Report of the Bank has been uploaded on the website of the Bank which can be downloaded from the following weblink or QR enabled code.

   Weblink https://www.samba.com.pk/samba/overviews/financial-reports
3. To appoint Auditors and to fix their remuneration for a term ending at the conclusion of the next Annual General Meeting. The Board of Directors has recommended the appointment of M/s. A.F. Ferguson & Co., Chartered Accountants (PWC Pakistan) as auditors in place of the retiring auditors, M/s KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants.
4. To elect 8 Directors of the Bank as fixed by the Board of Directors, under the provisions of section 159 of the Companies Act, 2017, for a period of 3 years, commencing from April 17, 2025.

   The names of the retiring Directors are:

i.	Mr. Mustafa Ilyas	ii.	Mr. Nasser Sulaiman Al-Fraih	iii.	Mr. Hussein Eid	iv.	Mr. Timour Pasha
v.	Ms. Kholood Khalid Al-Khelaiwi	vi.	Hafiz Mohammad Yousaf	vii.	Mr. Javed Kureishi	viii.	Ms. Zeeba Ansar

Any Other Business

To consider any other business with the permission of the Chair.

By the Order of the Board
Zia-ul-Husnain Shamsi
Company Secretary

March 26, 2025
Karachi

NOTES:

1. Share Transfer Books of the Bank will remain closed from 10-04-2025 to 17-4-2025 (both days inclusive). Transfers received in order, at the Bank's Registrar, M/s. Famco Share Registration Services (Private) Limited, 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S, Shahrah-e-Faisal, Karachi, up to close of business on 9-04-2025 will be considered in time and to be entitled to attend and vote.

2. Copies of the minutes of the 21st Annual General Meeting held on March 28, 2024, are available for inspection by members as required under section 152 of the Companies Act, 2017. Members who will join the meeting through a video link and are desirous of inspection of the minutes of the 21st AGM meeting may send his/her requests via email at zia.shamsi@samba.com.pk

3. The Board of Directors of the Bank has fixed the number of directors to be elected as eight (8). As per provisions of Regulation No. 7A of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019, it is mandatory that voting for the election of directors of the Bank shall be held separately for the following three categories:

S. No	Category	No. of Seats
1	Female Director	1
2	Independent Directors	3
3	Other Directors	4

4. Any member desirous to contest the election of Directors shall file the following with the Company Secretary of the Bank not later than fourteen (14) days before the day of the above said meeting;

a) Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election as director and select any one of the above categories in which he / she intends to contest the election of director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017 and Regulation 7A of Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019. He /she should also confirm that:

   (i) He/she is not ineligible to become a director of the Bank under any applicable laws and regulations.

   (ii) Neither he/she nor his/her spouse is engaged in the business of brokerage or is a sponsor, director or officer of a corporate brokerage house.

   (iii) He/she is not serving as a director in more than seven listed companies simultaneously. Provided that this limit shall not include the directorships in the listed subsidiaries of a listed holding company.

   (iv) In case of Independent Director, a declaration of Independence in terms of Section 166(2) of the Companies Act, 2017 as required under clause 6(3) of Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

b) Consent to act as Director in Form 9 of the Companies Regulations 2024, and under Section 167 of the Companies Act, 2017.

c) Fit and Proper Test Proforma, Affidavit, Declarations, Annexure, and Questionnaire as provided in "Corporate Governance Regulatory Framework" issued by SBP vide BPRD Circular No. 5 dated November 22, 2021.

5. In terms of the criteria prescribed by SBP, a person shall not be eligible to become a Director of a bank, if the person:

   (i) is disqualified/ineligible under Banking Companies Ordinance 1962, Companies Act 2017, and other applicable laws, rules and regulations;

   (ii) is in default of payment of dues owed to any financial institution in personal capacity;

   (iii) is associated as executive director / sponsor director / nominee of the sponsor and / or President / CEO of a proprietary concern, partnership firm, or corporate body excluding public sector organization, which is in default of dues owed to any financial institution;

   (iv) has contravened any of the requirements and standards of SBP or equivalent standards / requirements of other local or foreign regulatory authorities, professional bodies, or government bodies / agencies of such a nature that makes such person's association with the bank/DFI undesirable;

   (v) is a designated person / proscribed person or is associated directly or indirectly with any designated person / proscribed person;

   (vi) is convicted of or is associated directly or indirectly with any person convicted of any serious offence, including any Money Laundering/ Terrorism Financing offence or any predicate offence set out in Schedule I of the Anti-Money Laundering Act, 2010.

It should also be noted that under SBP regulations, a person is not permitted to be a Director of more than one Bank / DFI and the Directors will not assume the charge of their respective offices until their appointments are approved in writing by SBP.

6. A copy of relevant documents may be obtained from the office of the Company Secretary of the Bank or may be downloaded from the website of SBP.

7. Detailed profile of the candidates along with office address will be made available on website as required under SECP's SRO 1196 (I)/2019, dated October 03, 2019.

8. Updation of shareholder addresses/other particulars:

Members holding shares in physical form are requested to promptly notify the Shares Registrar of the Bank of any change in their addresses or any other particulars. Shareholders maintaining their shares in electronic form should have their address updated with their participant or CDC Investor Accounts Service.

Further, to comply with requirements of Section 119 of the Companies Act, 2017 and Regulation 47 of the Companies Regulations, 2024, all CDC and physical shareholders are requested to provide their email address and cell phone numbers incorporated / updated in their physical folio or CDC account.

9. Requirements for attending the Annual General Meeting:

(i) In the case of individuals, the account holder or sub-account holder whose registration details are uploaded as per the Central Depository Company of Pakistan Limited ("CDC") Regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Annual General Meeting.

(ii) In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of the Annual General Meeting, unless it has been provided earlier, to the Bank, along with the proxy form.

10. Participation in AGM through electronic means:

The Bank will provide the facility to all the shareholders to participate in the Annual General Meeting via video link. Shareholders are encouraged to attend the AGM proceeding through the video link facility.

The entitled shareholders whose names appear in the Books of the Bank by the close of business on April 9, 2025, and who are interested to attend the AGM via video link are hereby requested to register themselves with the Company Secretary Office by providing the following information at the earliest but not later than 48 hours before the time of the AGM through Email agm@samba.com.pk with the following particulars:

Name of Shareholder	CNIC number	CDC Account No./ Folio No.	Cell Number	Email Address

The bank will send the login details/password via email addresses of the members who are registered, after the necessary verification. On the AGM Day, shareholders will be able to log in and participate in the AGM proceedings through their smartphones/laptops/tablets or computer devices from any convenient location. The login facility will be opened 30 minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting. Please note that only those shareholders who have already registered themselves through the above process, will be able to participate in the meeting.

The members can also send their comments/suggestions related to the agenda of the Annual General Meeting (AGM) through email at zia.shamsi@samba.com.pk or WhatsApp at +92(307) 3278728.

11. Requirements for appointing proxies:

(i) A member entitled to attend and vote at this meeting is entitled to appoint a proxy to attend, speak, and vote on his/her behalf. A proxy (except for a corporate entity) must be a member of the Bank. Proxy form, in order to be effective, must be received at the Registered Office of the Bank, duly stamped and signed not less than 48 hours before the time of the meeting, in case of a corporate entity, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signatures shall also be submitted along with Proxy Form. (no account shall be taken of any part of the day that is not a working day).

(ii) The entitled shareholders are requested to keep with them their original Computerized National Identity Cards (CNICs) / Passport along with their folio numbers / participant(s) ID numbers and CDC account numbers at the time of attending the Annual General Meeting in order to facilitate identification of the respective shareholders. The proxy shall also produce his/her original CNIC or Passport at the time of the meeting.

12. Audited Financial Statements through e-mail:

In pursuant to Section 223(6) of the Companies Act 2017 and SECP S.R.O. 389 (I) / 2023 dated March 21, 2023, Annual Report 2024 which includes Auditors' Report along with Audited Financial Statements, Directors' Report, Chairman's Review Report and Notice of Annual General Meeting are being e-mailed to the members who have provided their e-mail addresses. Members are also requested to intimate change (if any) in their registered e-mail addresses to the relevant Participants / Investor Account Services of the CDC / Share Registrar of the Bank (as the case may be) for the aforesaid purpose. Member of the Bank who wish to receive the hard copy of Annual Report are requested to send standard request form to our Share Registrar. The standard request form can be downloaded from the Bank's website link, https://www.samba.com.pk/samba/overviews/financial-reports

13. Submission of CNIC (Mandatory):

(i) Shareholders who have not yet submitted a copy of their valid CNIC or valid Passport to the Bank, are once again reminded to send the same latest by April 9, 2025. The CNIC number /NTN details are mandatory and are also required for checking the tax status as per the Active Taxpayers List (ATL) issued by the Federal Board of Revenue ("FBR") from time to time.

(ii) Individual Shareholders (including all joint holders) holding physical share certificates of the Bank are requested to submit a copy of their valid CNIC to the Bank or its Share Registrar if not already provided. The shareholders, while sending CNIC must quote their respective folio numbers.

(iii) In case of non-receipt of copy of a valid CNIC, the Bank will be constrained under Section 243 (3) of the Companies Act, 2017 ("Companies Act") to withhold the dividend of such shareholders.

14. Provision of IBAN for payment of cash dividend electronically (Mandatory):

(i) In compliance with Section 242 of the Companies Act, 2017 it is mandatory for a public listed company to pay cash dividend to its shareholders through electronic mode ONLY, directly into the bank account designated by the eligible shareholder.

(ii) Therefore, all shareholders, who have not provided their bank details are once again, through this notice, requested to update their accurate and complete 24 digits IBAN together with the bank's name, branch address, CNIC number, and correct email address with respective Participants/Investors' Account Services of CDC, for electronic form of shares, and in case of physical shareholding with our Shares Registrar, M/s. FAMCO Share Registration Services (Pvt.) Limited, at the address given above. This will enable payment of past with-held dividends.

(iii) Please note that as per Section 243(3) of the Companies Act, 2017, listed companies are entitled to withhold payment of dividend if the necessary information is not provided by shareholders.

(iv) E-Dividend Mandate Form is available on the Bank's website for the convenience of shareholders.

15. Postal Ballot/E-voting:

If the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under sub-section (1) of Section 159 of the Companies Act, 2017, then, subject to requirements of Sections 143 and 144 of the Companies Act 2017, the Bank shall provide its members with options of e-voting and voting by postal ballot in accordance with the provisions of the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018.

Shareholders desirous of voting electronically (e-voting) are requested to have their updated and active email and cell number incorporated in their physical folio with the Share Registrar of the Bank and with their Participant or Broker / CDC Investor Account Services where their shares are digitally held.

16. Deposit / Conversion of Physical Shares into Book-Entry Form:

The shareholders having physical share certificates of the Bank are advised to place / convert their physical shares into Book-Entry Form in CDC as required under the provisions of Section 72 of the Companies Act, 2017.

17. Registration in the CCDR Web Portal of CDC:

Central Depository Company (CDC) has developed a Centralized Cash Dividend Register ("CCDR"), on its eService's web portal, which contains details pertaining to cash dividends paid, unpaid or withheld by listed companies. CCDR maintains a recent history of dividends paid to shareholders by listed companies and access to such information is provided to the respective shareholders including details of Income Tax / Zakat deduction etc. (if any) and the net amount credited into their accounts.

Shareholders of the Bank are requested to register themselves on CDC's eservices Portal https://eservices.cdcaccess.com.pk to access the above facility.

18. Unclaimed Dividend / Shares U/s 244 of the Companies Act, 2017:

An updated list of unclaimed dividends/shares of the Bank, which have remained unclaimed or unpaid for three years from the date these have become due and payable, is available on the Bank's website www.samba.com.pk/samba/overviews/notices.

Claims can be lodged by shareholders on the Claim Form as is available on the Bank's website. Claim Forms must be submitted to the Bank's Share Registrar for receipt of dividends/ shares.

19. Proxy Form:

The proxy form is enclosed and also available on the Bank's website, www.samba.com.pk/samba/overviews/notices.

Statement under Section 166(3) of the Companies Act, 2017

Item No. 4 of the Agenda

Statement under Section 166(3) of the Companies Act, 2017 in respect of Election of Independent Directors of the Bank:

Independent Directors will be elected through the process of election of directors in terms of Section 159 of the Companies Act, 2017 and they shall meet the criteria laid down under Section 166 (2) of the Companies Act, 2017.

نوٹس برائے بائیسواں سالانہ اجلاسِ عام

نوٹس ہذا کے ذریعے آگاہ کیا جاتا ہے کہ سامبا بینک لمیٹڈ (بینک) کا بائیسواں (22) سالانہ اجلاسِ عام 17 اپریل 2025 بروز جمعرات پاکستانی وقت کے مطابق صبح گیارہ (11:00) بجے، بمقام ہوٹل سیرینا، اسلام آباد، پاکستان میں حسبِ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جا رہا ہے:

عمومی امور

۱۔ 28 مارچ 2024ء، کو منعقدشدہ اکیسویں (21) سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی منظوری۔

۲۔ بینک کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بشمول چیئرمین رپورٹس، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس برائے اختتامِ سال 31 دسمبر 2024ء کو وصول، ان کا تجزیہ اور ان کی منظوری دی جائے۔
کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کے سیکشن (6)236 اور 2023/(1)SRO.389، مورخہ 21 مارچ 2023ء کے تحت بینک کی سالانہ آڈٹ شدہ گوشوارے بینک کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کردی گئی ہیں جو درج ذیل ویب لنک یا فعال QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔
ویب لنک: https://www.samba.com.pk/samba/overviews/financial-reports

۳۔ آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین کرنا، جس کی مدت آئندہ سالانہ اجلاسِ عام کے اختتام تک ہوگی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز، مسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی جگہ میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (PWC Pakistan) کی تقرری کی سفارش کی ہے۔

۴۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے تحت مقرر کردہ 8 ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جن کی مدت 3 سال ہوگی، جو 17 اپریل 2025 سے شروع ہوگی۔
سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام درج ذیل ہیں:

۱۔ جناب مصطفی الیاس　۲۔ جناب ناصر سلیمان الفریح　۳۔ جناب حسین عید　۴۔ جناب تیمور پاشا　۵۔ محترمہ خلود خالد الخلیوی
۶۔ حافظ محمد یوسف　۷۔ جناب جاوید قریشی　۸۔ محترمہ زیبا انصار

دیگر امور:

چیئرمین کی منظوری سے دیگر امور کو زیرِ غور لانا۔

26 مارچ 2025
کراچی

بحکمِ بورڈ
ضیاء الحسنین شمسی
کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

1۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس **10 اپریل 2025**ء سے **17 اپریل 2025**ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ جو ٹرانسفر بہ ترتیب **9 اپریل 2025**ء کے روز کاروباری اختتام تک بینک کے رجسٹرار میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر بمقام F-8، نزد ہوٹل فاران، نرسری بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی، پر موصول ہونگے، وہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہونگے۔

2۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 152 کے تحت ممبران کے معائنے کے لئے مورخہ 28 مارچ 2024ء کو منعقدہ اکیسواں (21) سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی نقول دستیاب ہیں۔ وہ اراکین جو ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شامل ہوں گے، اگر وہ اکیسویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کا معائنہ کرنے کے خواہشمند ہیں تو zia.shamsi@samba.com.pk پر ای میل کے ذریعے اپنی درخواست بھیج سکتے ہیں۔

3۔ بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے انتخاب کے لیے ڈائریکٹرز کی تعداد آٹھ (8) مقرر کی ہے۔ فہرست شدہ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ) کے ریگولیشن، 2019 کے ضابطہ نمبر 7A کے مطابق، بینک کے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے ووٹنگ کو درج ذیل تین کیٹگریز میں علیحدہ علیحدہ منعقد کرنا لازمی ہے:

نمبر شمار	کیٹگری	نشستوں کی تعداد
1	خاتون ڈائریکٹر	1
2	آزاد ڈائریکٹرز	3
3	دیگر ڈائریکٹرز	4

4۔ کوئی بھی رکن جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، وہ بینک کے کمپنی سیکریٹری کے پاس درج ذیل دستاویزات مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل جمع کروائے؛

الف) کسی بھی امیدوار کو، جو بینک کے ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو، اُسے اس سلسلے میں اپنے ارادے کا نوٹس جمع کروانا ہوگا اور مذکورہ بالا کیٹگریز میں سے کسی ایک کیٹگری کا انتخاب کرنا ہوگا جس میں وہ ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا/ چاہتی ہے، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)159 اور لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کے ضوابط) کے ضابطہ 7A میں بیان کیا گیا ہے۔ مزید برآں، امیدوار کو درج ذیل امور کی تصدیق کرنا ہوگی:

(i) وہ کسی بھی قابلِ اطلاق قوانین وضوابط کے تحت بینک کا ڈائریکٹر بننے کے لیے غیر اہل نہیں ہے۔

(ii) وہ اور نہ ہی اس کا/ کی شریکِ حیات بروکریج کے کاروبار سے منسلک ہوں، اور نہ ہی کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا اسپانسر، ڈائریکٹر یا افسر ہوں۔

(iii) وہ بیک وقت سات سے زائد لسٹڈ کمپنیز میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام نہیں دے رہا/ رہی۔ تاہم، کسی لسٹڈ ہولڈنگ کمپنی کی فہرست شدہ ذیلی کمپنیز میں ڈائریکٹر شپ اس سے مستثنیٰ ہوگی۔

(iv) آزاد ڈائریکٹر کی صورت میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 کے تحت آزاد حیثیت کا ڈکلیریشن، جیسا کہ لسٹڈ کمپنیز (کارپوریٹ گورننس کے ضابطہ اخلاق) کے ضابطہ (3)6 میں درکار ہے۔

ب) کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے فارم 9 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کے لیے رضامندی۔

ج) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے 22 نومبر 2021 کو جاری کردہ بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 5 کے تحت "کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک" میں فراہم کردہ فِٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ پروفارما، حلف نامہ، ڈکلیریشنز، ضمیمہ جات، اور سوالنامہ جمع کروانا۔

5۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مقرر کردہ معیار کے مطابق، کوئی بھی شخص بینک کا ڈائریکٹر بننے کے لیے اہل نہیں ہوگا، اگر وہ:

(i) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962، کمپنیز ایکٹ 2017، اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین، قواعد وضوابط کے تحت نااہل/ غیر موزوں قرار دیا گیا ہو؛

(ii) کسی مالیاتی ادارے کے بقایاجات کی ادائیگی میں ذاتی حیثیت میں نادہندہ ہو؛

(iii) ایگزیکٹو ڈائریکٹر، اسپانسر ڈائریکٹر، اسپانسر کا نامزد کردہ ڈائریکٹر، یا صدر/ چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے کسی ملکیتی کاروبار، شراکتی فرم، یا کارپوریٹ ادارے (پبلک سیکٹر آرگنائزیشن کے علاوہ) سے وابستہ ہو، جو کسی مالیاتی ادارے کے بقایاجات کی ادائیگی میں نادہندہ ہو؛

(iv) اسٹیٹ بینک آف پاکستان یا کسی دیگر مقامی یا غیر ملکی ریگولیٹری اتھارٹی، پیشہ ورانہ تنظیم، یا سرکاری ادارے کے ضوابط اور معیارات/ مطلوبہ درکار ضروریات کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو، جس کے نتیجے میں اس کی بینک/ ڈی ایف آئی کے ساتھ وابستگی ناپسندیدہ سمجھی جائے؛

(v) کوئی نامزد فرد/ ممنوعہ فرد ہو یا کسی نامزد شدہ فرد/ ممنوعہ فرد سے براہ راست یا بالواسطہ وابستہ ہو؛

(vi) کسی سنگین جرم میں ملوث ہو یا ایسے کسی شخص سے براہ راست یا بالواسطہ وابستہ ہو جو منی لانڈرنگ، دہشت گردی کی مالی معاونت، یا انسدادِ منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے شیڈول میں درج کسی بھی بنیادی جرم میں سزا یافتہ ہو۔

یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے ضوابط کے تحت کوئی بھی شخص ایک سے زائد بینک یا ڈی ایف آئی (DFI) میں بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کا مجاز نہیں ہے۔ مزید برآں، ڈائریکٹرز اپنی متعلقہ ذمہ داریوں کا چارج اس وقت تک سنبھال نہیں سکتے جب تک کہ اُن کی تقرریاں SBP کی تحریری منظوری سے مشروط نہ ہوں۔

6۔ متعلقہ دستاویزات کی نقل بینک کے کمپنی سیکریٹری کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے یا SBP کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

7۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 2019/(I) SRO 1196، مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے مطابق، امیدواروں کے تفصیلی پروفائلز اور دفتری پتے بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب کر دیے جائیں گے۔

8۔ حصص یافتگان کے پتے اور دیگر تفصیلات کی تبدیلی:

ممبران جو فزیکل شیئرز رکھتے ہیں، اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتوں یا دیگر تفصیلات میں تبدیلی کی صورت میں بینک کے شیئر رجسٹرار کو فوری مطلع کریں۔ ایسے حصص یافتگان جو الیکٹرانک شیئرز رکھتے ہیں وہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی کے حوالے سے اپنے شراکت داروں یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو مطلع کریں۔

مزید یہ کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 او کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے ریگولیشن 47 کی درکار ضروریات کی پیروی کرتے ہوئے تمام سی ڈی سی اور فزیکل شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریس اور فون نمبرز اپنے فزیکل فولیو یا سی ڈی سی اکاؤنٹ میں اپ ڈیٹ کریں۔

9۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی شرائط:

(ا) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("CDC") ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

(۲) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع نامزد کردہ فرد کے دستخط کے نمونے سالانہ اجلاسِ عام کے وقت پیش کرنا ہوں گے، اگر پراکسی فارم کے ساتھ بینک کو پہلے فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔

10) سالانہ اجلاسِ عام میں الیکٹرانک ذرائع سے شرکت:

بینک تمام حصص یافتگان کو ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کی سہولت فراہم کرے گا۔ حصص یافتگان کو ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے۔

تمام اہل حصص یافتگان جن کے نام بینک کی کتب میں 9 اپریل 2025ء کے روز کاروباری دن کے اختتام تک موجود ہوں اور وہ سالانہ اجلاسِ عام میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے خواہشمند ہوں تو اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی سیکریٹری آفس میں مندرجہ ذیل کوائف فوری طور پر یا سالانہ اجلاسِ عام کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل ای میل agm@samba.com.pk کے ذریعے رجسٹر ہو جائیں:

شیئر ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/ فولیو نمبر	سیل نمبر	ای میل ایڈریس

بینک ضروری تصدیق کے بعد لاگ اِن کی تفصیلات/ پاس ورڈ رجسٹرڈ اراکین کے ای میل پتوں کے ذریعے ارسال کرے گا۔ سالانہ اجلاسِ عام کے دن، رجسٹرڈ حصص یافتگان اپنے سمارٹ فون/ لیپ ٹاپ/ ٹیبلیٹ اور کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے کسی بھی سہولت والے مقام سے لاگ ان کرسکیں گے اور سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں حصہ لے سکیں گے۔ اجلاس شروع ہونے سے 30 منٹ قبل ہی لاگ ان کی یہ سہولت شرکاء کی آسانی کے پیشِ نظر سالانہ اجلاسِ عام میں شمولیت کے لئے کھول دی جائے گی۔ براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ صرف وہ حصص یافتگان جنہوں نے مندرجہ بالا عمل کے ذریعے پہلے ہی خود کو رجسٹر کر رکھا ہے، الیکٹرانک ذرائع سے اجلاس میں شرکت کرنے کے اہل ہوں گے۔

ممبران سالانہ اجلاسِ عام (AGM) کے ایجنڈے سے متعلق اپنے تبصرے/ مشورے zia.shamsi@samba.com.pk پر ای میل یا 3278728 (307) 92+ پر واٹس ایپ کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں۔

11) پراکسیز کی تقرری کیلئے درکار شرائط:

(i) ہر ایسا رکن جو اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہے، اسے یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی دوسرے فرد کو بطور پراکسی مقرر کرے تا کہ وہ اس کی جانب سے اجلاس میں شرکت، گفتگو کرے اور ووٹ دے۔ تاہم، (کارپوریٹ ادارے کے علاوہ) پراکسی کو بینک کا رکن ہونا ضروری ہے۔ پراکسی فارم کو مؤثر بنانے کے لیے، اسے بینک کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مکمل شدہ، مہر شدہ اور دستخط شدہ صورت میں جمع کروانا ہوگا۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ اور نمونہ دستخط بھی جمع کروانا لازم ہوگا۔ (ایسے دن کے کسی حصے کو شمار نہیں کیا جائے گا جو کاروباری دن نہ ہو)۔

(ii) وہ تمام شیئر ہولڈرز جو اجلاس میں شرکت کے اہل ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنی اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ، اپنے فولیو نمبر، شرکاء کا آئی ڈی نمبر، اور CDC اکاؤنٹ نمبر اپنے ہمراہ رکھیں تا کہ اجلاس میں شرکت کے وقت اُن کی شناخت میں سہولت ہوسکے۔ پراکسی کو بھی اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

12۔ سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ای میل یا سی ڈی کے ذریعے ترسیل:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (6)223 اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے 2023/(I) S.R.O.389 بتاریخ 21 مارچ 2023 کے تحت، سالانہ رپورٹ 2024، جس میں آڈیٹرز کی رپورٹ، آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کے جائزہ کی رپورٹ اور سالانہ اجلاسِ عام کا نوٹس شامل ہیں، اُن تمام اراکین کو ای میل کیے جا رہے ہیں جنہوں نے اپنے ای میل پتے فراہم کیے ہیں۔ مزید برآں، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے رجسٹرڈ ای میل پتوں میں کوئی تبدیلی ہو تو وہ متعلقہ پارٹیسپنٹس/ سی ڈی سی کے انویسٹر اکاؤنٹ سروسز/ بینک کے شیئر رجسٹرار (جیسا قابل اطلاق ہو) کو بروقت مطلع کریں تا کہ مذکورہ بالا مقصد کے لیے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کیا جا سکے۔ وہ اراکین جو سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی وصول کرنا چاہتے ہیں، وہ بینک کے شیئر رجسٹرار کو اسٹینڈرڈ درخواست فارم ارسال کریں۔ اسٹینڈرڈ درخواست فارم بینک کی ویب سائٹ کے درج ذیل لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

https://www.samba.com.pk/samba/overviews/financial-reports

13) سی این آئی سی (کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ) جمع کروانا (لازمی شق):

i) ایسے تمام حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے فعال سی این آئی سی یا فعال پاسپورٹ کی نقل (بینک) کو جمع نہیں کروائی ہے، ان کو ایک مرتبہ پھر یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ یہ دستاویز 9 اپریل 2025ء تک ارسال کردیں۔ سی این آئی سی نمبر/ این ٹی این کی تفصیلات لازمی ہیں اور یہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو ("FBR") کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ایکٹو ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں حصص یافتہ کا ٹیکس اسٹیٹس چیک کرنے کے لئے بھی ضروری ہیں۔

ii) انفرادی حصص یافتگان (بشمول تمام مشترکہ حصص یافتگان) جن کے پاس بینک کے اصل شیئر سرٹیفکیٹ موجود ہیں اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فعال سی این آئی سی کی ایک نقل (بینک) یا اس کے رجسٹرار کو فوری جمع کرائیں، اگر قبل ازاں فراہم نہیں کی گئی ہے۔ حصص یافتگان سی این آئی سی بھیجتے وقت حوالے کے طور پر اپنا متعلقہ فولیو نمبر ضرور تحریر کریں۔

iii) فعال سی این آئی سی کی نقل نہ ملنے کی صورت میں، بینک کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)243 ("کمپنی ایکٹ") کے تحت ایسے حصص یافتگان کے ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگا۔

14) نقد ڈیوڈنڈ کی الیکٹرانک طور پر ادائیگی کے لئے IBAN کی فراہمی (لازمی شق):

i) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کے مطابق پبلک لسٹڈ کمپنی کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے اہل حصص یافتگان کو براہ راست اُن کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں صرف الیکٹرانک ذریعہ سے نقد ڈیوڈنڈ ادا کرے۔

ii) لہٰذا تمام حصص یافتگان جنہوں نے اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں ایک بار پھر اِس نوٹس کے ذریعے اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنا درست اور مکمل 24 ہندسوں والا IBAN نمبر متعلقہ بینک کے نام، برانچ کے پتے، سی این آئی سی نمبر اور درست ای میل ایڈریس، الیکٹرانک حصص کے لئے سی ڈی سی کے متعلقہ شرکاء/ انویسٹر اکاؤنٹ سروس میں اور فزیکل شیئر ہولڈنگ کی صورت میں ہمارے شیئرز رجسٹرار، میسرز فیمکو شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے مذکورہ پتے پر ارسال کر کے تجدید کروائیں۔ اس کے ذریعے سے پچھلے بقایا ڈیوڈنڈ کی ادائیگی بھی ممکن ہو جائے گی۔

iii) برائے کرم نوٹ کرلیں کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)243 کے مطابق، لسٹڈ کمپنیز حصص یافتگان کی جانب سے ضروری معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں ڈیوڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی مجاز ہیں۔

iv) حصص یافتگان کی سہولت کے لئے ای ڈیوڈنڈ مینڈیٹ فارم بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

15) پوسٹل بیلٹ/ ای۔ووٹنگ:

خود کو انتخابات کے لیے پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کے ذیلی سیکشن (1) کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کی شرائط کے مطابق، بینک اپنے اراکین کو ای۔ووٹنگ اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے اختیارات فراہم کرے گا، جیسا کہ کمپنیز کی شرائط (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں درج ہے۔

ای۔ووٹنگ کے خواہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنا اپڈیٹ شدہ اور فعال ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر بینک کے شیئر رجسٹرار میں فزیکل فولیو کے ساتھ اور اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ یا بروکر/ CDC انویسٹر اکاؤنٹ سروسز میں (جہاں ان کے شیئرز ڈیجیٹل طور پر رکھے گئے ہیں) شامل کروائیں۔

16۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں منتقلی کی ہدایت:

بینک کے وہ شیئر ہولڈرز جن کے پاس فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس موجود ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے شیئرز کو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) کے بک انٹری سسٹم میں منتقل/ تبدیل کروائیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت درکار ہے۔

17۔ سینٹرل ڈپازیٹری کمپنی کے CCDR ویب پورٹل میں رجسٹریشن:

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) نے اپنی ای سروسز کے ویب پورٹل پر ایک سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) تیار کیا ہے، جس میں درج کمپنیز کے ذریعے ادا کیے گئے، غیر ادا شدہ یا روکے گئے کیش ڈویڈنڈز کی تفصیلات موجود ہیں۔ سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) ادا شدہ ڈویڈنڈز کا حالیہ ریکارڈ محفوظ رکھتا ہے اور متعلقہ شیئر ہولڈرز کو ان کے ڈویڈنڈز کی تفصیلات تک رسائی فراہم کرتا ہے، جن میں انکم ٹیکس/ زکوٰۃ کی کٹوتی (اگر کوئی ہو) اور ان کے اکاؤنٹس میں جمع کی گئی مجموعی رقم شامل ہے۔

بینک کے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ مذکورہ سہولت حاصل کرنے کیلئے CDC کے ای سروس پورٹل https://eservices.cdcaccess.com.pk پر رجسٹریشن کروائیں:

18۔ غیر دعویٰ شدہ ڈویڈنڈ/ شیئرز (کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 تحت):

بینک کے غیر دعویٰ شدہ ڈویڈنڈز/ شیئرز کی تازہ ترین فہرست، جو تین سال یا اس سے زائد عرصے تک غیر دعویٰ شدہ رہی ہے، بینک کی ویب سائٹ www.samba.com.pk/samba/overviews/notices پر دستیاب ہے۔

شیئر ہولڈرز کلیم فارم کے ذریعے اپنا دعویٰ درج کروا سکتے ہیں، جو بینک کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ یہ کلیم فارم بینک کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروایا جائے تا کہ ڈویڈنڈز/ شیئرز کی وصولی ممکن ہو سکے۔

19۔ کمپنیز پراکسی فارم:

پروکسی فارم منسلک ہے اور بینک کی ویب سائٹ:
www.samba.com.pk/samba/overviews/notices پر بھی دستیاب ہے۔

ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 تحت بیان:

ایجنڈا آئٹم نمبر 4

بینک کے آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کے حوالے سے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)166 کے تحت بیان:

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کی شرائط کے تحت کیا جائے گا اور یہ ڈائریکٹرز کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (2)166 میں درج معیارات پر پورا اتریں گے۔

samba bank سامبا بینک